## SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Saturday, May 19, 1990.*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا ۪ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖ

اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ؕ

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ سورۃ آل عمران

ترجمہ: اور سب اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہو اور آپس میں پھوٹ نہ
ڈالو اور اپنے اوپر اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو کہ جب تم آپس میں دشمن
تھے پھر اس نے تمہارے قلوب میں محبت ڈال دی پس تم رحمت الٰہی سے
بھائی بھائی ہو گئے اور تم دوزخ کے گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Saturday, May 19, 1990.*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at five of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بسم الله الرحمن الرحيم

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ

عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ

اِخْوَانًا ج وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ط

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ سورۃ آل عمران

ترجمہ: اور سب اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑے رہو اور آپس میں پھوٹ نہ
ڈالو اور اپنے اوپر اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو کہ جب تم آپس میں دشمن
تھے پھر اس نے تمہارے قلوب میں محبت ڈال دی پس تم رحمت الٰہی سے
بھائی بھائی ہو گئے اور تم دوزخ کے گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے

تم کو اس سے نجات دی اس طرح اللہ کھول کھول کر اپنی نشانیاں تمہارے
لیے بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ اور تم میں ایک ایسی جماعت ہونی
چاہیئے جو لوگوں کو نیکی کی طرف بلایا کرے اور نیک کاموں کی طرف حکم دیا کرے
اور برائی سے منع کیا کرے اور یہی لوگ کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔

## QUESTION AND ANSWERS

**Mr. Chairman:** Question Hour. Question No. 35.

Recruitment in Bank on the Recommendation of MNAs

**Mr. Shah Mohammad Khan.**

35 Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state whether it is a fact that Members of the National Assembly are authorised to have recruited their nominees in the Commercial Banks and this facilities has not been extended to Sanators, if so, reasons there of?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** No such authorisation has been given to the MNA's therefore, the question of extending this facility to the Senators does not arise.

جناب چیئرمین : سپلیمنٹری سوال۔

جناب شاہ محمد خان : جناب والا! مجھے پراچہ صاحب کا بڑا احترام
ہے لیکن یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ جو ایم این اے
گورنمنٹ پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں یا defection والے ہیں وہ تو enjoy
کر رہے ہیں صرف سینیٹرز کو محروم رکھنے کے لیے یہ جواب
دیا جا رہا ہے۔

جناب احسان الحق پراچہ : جناب چیئرمین! جب
ایم این اے کو یہ اختیارات یا اگر authorization دی جائے

گی تو میں ہاؤس کو یقین دلاتا ہوں کہ سینیٹرز کو بھی ضرور دی جائے گی۔

**Mr. Chairman:** Next question No. 43.

Currency Notes

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi:**

43. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) The total amount of currency notes in circulation and the gold reserved to support Pak. Currency as on Ist January, 1990: and

(b) the current position of foreign exchange reserves in the country?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** (a) Total amount of currency notes in circulation as on Ist January, 1990 was Rs. 110,024.715 million including Re. 1 notes.

Gold reserve to support Pak currency was worth Rs.15,077.865 billion.

(b) Position of foreign exchange reserves as on 10th May, 1990 was Rs.10245.130 million equivalent to US dollar 466.748 million.

**Mr. Chairman:** Any supplementary question?

**Mr.Muhammad Mohsin Siddiqui:** Would the honorable Minister informed the House as what is the ratio of the currency notes in circulation and the gold reserved?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** Mr. Chairman, the ratio is 23.015 percent and I will just for the sake of the information as compared to the ratio? of 19.57 as on 31st October, 1989 and as on 31 October, 1988 it was 24.37.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** What is the ratio required according to the international practice?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** There is no such ratio prescribed on the

international standard but this ratio which the State Bank of Pakistan is maintaining is well within the gold reserve required for the currency.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** What is the percentage in the circulation of notes on the basis of deficit financing which has been continued for the last 7/8 years?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha**: I have just compared the present figure with the 1988 and 1989 but the question which the honorable member has asked has to be worked out by the State Bank and for that I need a fresh question.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Why fresh question It arises from my original question, you can ask time, I agree.

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ٹائم لے لیتے ہیں اگلی دفعہ کے لئے ۔

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** It the honorable member wants to give me time I agree but the question with regard to the percentage has already been answered. Now the honorable member is asking about a new percentage.

جناب چیئرمین : چلیں جی work out کرا کر اگلی دفعہ دے دیں ۔

جناب احسان الحق پراچہ : work out کروا کر ہی دے دوں گا ۔

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Sir, what is the present position of US dollar has it gone up many times more than what it was when he took over in the new government?

**Mr. Chairman:** You mean the price of the dollar

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Yes, exchange rate of dollar.

جناب احسان الحق پراچہ : جناب چیئرمین ! ان کو تو خوشی ہونی چاہیئے کہ پچھلے دنوں سے دو تین مرتبہ ہم نے پاکستان کی کرنسی کو revolve کیا ہے ۔

s against dollar and we are maintaining the maximum reserves in terms of ollars and not in terms of Pak. rupees.

**Mr. Chairman:** Thank you. Next question No. 51

CURRENCY NOTES

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqi:**

51 Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the total number of currency notes in circulation in the country as on Ist November, 1989.

(b) the ratio of the same with gold/foreign currency; and

(c) the current posting of foreign exchange reserves in the country?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** (a) (i) number of currency notes in circulation as on Ist November, 1989 was 3,381,458 million.

(ii) value of currency notes in circulation as on Ist November, 1989 was Rs.89,835,065 million.

(b) Ratio with gold/foreign currency was 19.57 per cent

(c) The liquid foreign exchange reserves stood ar Rs.9153 million (dollar 493.9 million) as on 26th April, 1990.

**Mr. Chairman:** Supplementary question?

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Sir, I would like to ask the honourable Minister whether it includes all the earnings and excludes all the commitments that are already with the State Bank of pakistan.

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** Mr. Chairman, it is in exclusion of all the things which the honourable Member is asking.

**Mr. Chairman:** Thank you. yes please Abbas Shah Sahib.

**Syed Abbas Shah:** Mr. Chairman, Sir, in reply to first part of the question.

انہوں نے لکھا ہے۔

"(a) Total amount of currency notes in circulation as on 1st January, 1990 was
Rs. 110,024.715 million including Re. 1 notes."

But in the second question, he says:

(a) (i) number of currency notes...

(مداخلت)

جناب چیئرمین: شاہ صاحب، ہم تو اب سوال نمبر ۱۵ پر آ گئے ہیں۔

**Syed Abbas Shah:** Sir, I am talking of both the questions together because they are connected.

سید عباس شاہ: ان کا جو دوسرا سوال ہے کہ

"(a) (i) number of currency notes in circulation as on 1st November, 1989 was 3,381,458 million".

تو ان کا جو ہے۔

I think, it is four thousand per cent more which is in 1990

but later on he is giving differert figure یکم جنوری کو یہ بتا رہے ہیں۔

Then how can we compare this, Sir?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha** Sir, it is with regard to different periods.

**Syed Abbas Shah:** Sir, but in your period it has gone, I mean the circulation has gone very high but in 1989 it was low. So, in your period it is four thousand per cent higher than it was in 1990, Sir, what I could calculate.

*(Interruptions)*

**Mr. Ihsan-ul-haq Piracha:** Sir, I can give the percentage with regard to the figures.

**Syed Abbas Shah:** Sir, but with these figures your percentage is incorrect.

<u>جناب چیئرمین</u> : پراچہ صاحب دیکھیں وہ یہ فرما رہے ہیں، آپ نے جو پہلے فگرز دی ہیں جو کہ یکم جنوری ۱۹۹۰ء کی ہیں وہ ہیں ۰۱۱۰۰۲۴۷۱۵ million روپے پھر آپ نے دوسرے سوال کے جواب میں کہا ہوا ہے۔

"(a) (i) number of currency notes in circulation as on 1st November, 1989 was 3,381,458 million."

دو مہینوں میں، دسمبر ۱۹۸۹ء اور جنوری ۱۹۹۰ء، میں اتنا زیادہ فرق آجاتا ہے شاہ صاحب کیا یہی بات ہے،

<u>سید عباس شاہ</u> : جی ہاں، چار سو ہزار کی حد۔

<u>جناب چیئرمین</u> : ان دو مہینوں میں کافی فرق نظر آتا ہے۔

<u>جناب احسان الحق پراچہ</u> : جناب چیئرمین : سٹیٹ بنک ہر مہینے کی سرکولیشن کی فگرز شائع کرتا ہے، ضرورت کے مطابق نوٹ جاری کرتا ہے اگر اس کے متعلق مجھے یہ resh question. دیں تو

Then I will explain the position.

**Syed Abbas Shah** : Sir, the question is very much complete but the information is incorrect.

**Mr. Chairman** : it may not be incorrect but it may require some explanation.

کیونکہ یہ ٹیکنیکل چیز ہے۔

<u>(Interruptions)</u>

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Mr. Chairman, Sir, the honourable Minister should collect the required information.

**Mr. Chairman:** Right. He will give the information.

Next Question No. 53-Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui

**Mr. Mohsin Siddiqui:** But I would submit that this list is so huge that I have just a look at it in the library and it is impossible to put any supplementary question without going through it and naturally it is not available to us before time. Therefore, I would request that this question may be deferred for the next rota day.

**Mr. Chairman:** Right.

**جناب احسان الحق پراچہ:** جناب چیئرمین: اس میں میری submission یہ ہے کہ ہم نے قواعد کے مطابق سوال کا جواب lay کر دیا ہے لیکن اگر فاضل رکن کو یہ جواب study کرنے کے بعد بھی کوئی مزید انفارمیشن چاہیئے تو یہ میرے پاس تشریف لے آئیں، انشاءاللہ میں یہ فراہم کر دوں گا۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** No. No. I studied it there I had no time and I rushed it through within 5-10 minutes.

**جناب چیئرمین:** میرے خیال میں صدیقی صاحب، یہ انفارمیشن ہاؤس میں اصول کے مطابق آنی چاہیئے۔ Is it in the House, also, Secretary Sahib?

(اس مرحلے پر سیکرٹری صاحب سے کچھ وضاحت چاہی)

**Mr. Chairman:** When information is laid on the library a copy is placed on the table of the House and a copy is also provided to the person who put the question.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** But Mr. Chairman, you will appreciate that we have only a few minutes.

**Mr. Chairman:** No. No. I appreciate.

**Mr. Chairman** : Quite right. So, we will take it up next time.

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Yes, Sir.

**Mr. Chairman:** Next question Dr. Bisharat Elahi.

SUPPLY OF SUI GAS

**Dr. Bisharat Elahi:**

61. Will the Minister for Petroleum and Natural Resources be pleased to refer to Starred Question No.77 replied in the Senate on 29th December, 1989 and state the time by which Sui Gas will be supplied to villages Baghpur Dehri and Bheray of Khanpur (Hazara)?

**Mr. Jehangir Badar:** Accounting to the policy guidelines as already explained in a reply to Senate Question No.77, both the villages Baghpur Dheri and Bheray of Khanpur (Hazara) do not meet the criteria laid down for supply of gas.

**Mr. Chairman :** Supplementary question?

**Dr. Bisharat Elahi**: No, Sir.

**Mr. Chairman:** Next Question No.77 - Mian Alam Ali Laleka.

SUPPLY OF ELECTRICITY

**Mian Alam Ali Laleka (on his behalf):**

77 Will the Minister for Water and Power be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the transformer is insufficient installed by WAPDA at Nai Abadi, Bhara Kahu District Islamabad to meet electricity requirements of the entire vicinity if so.

(b) whether there is any proposal to replace a new powerful transformer?

**Sardar Farooq Ahmed Khan Laghari:** (a) yes

(b) Yes, there is a proposal to install an additional transformer of 100 KVA

**Mr. Chariman:** Any supplementaries?

**Syed Faseih Iqbal:** No, Sir.

**Mr. Chairman:** Next question No.80.

ROYALTY OF TARBELLA DAM

**Mr. Saleem Saifullah Khan (on his behalf):**

80. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the annual share of N.W.F.P. Government in the royalty of Tarbella Dam is Rs.3,29 Billions; and

(b) whether it is also a fact that the above royalty was announced in the meeting of the Council of Common Interests; If so, the time by which the Government intends to pay the said amount to the N.W.F.P. Government?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** (a) No.

(b) No. The net profit as defined in Article 161 (2) of the Constitution payable to Government of NWFP has yet to be determined.

جناب چیئرمین: بشیر مٹہ صاحب، ضمنی سوال۔

جناب بشیر احمد مٹہ: اس کا تعین نہیں کیا گیا، جناب والا! انہوں نے یہاں اس کا جواب negative دیا ہے کہ یہ رائلٹی کی رقم درست نہیں ہے۔ اور یہ فرمایا ہے کہ اس کا ابھی کوئی تعین نہیں ہوا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کب اس کا تعین کیا جائے گا، اگر in principle یہ بات مان لی گئی ہے اور یہ کئی سالوں سے lapse ہو رہا ہے تو آخر اس کا تعین کس دن کیا جائے گا۔

کیونکہ Council of Common Interests کی آپ میٹنگ نہیں بلا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: وزیر خزانہ صاحب۔

جناب احسان الحق پراچہ: سوال کے حصہ "ب" کے ضمن میں، میں نے جواب دیا ہے کہ دستور کی آرٹیکل ۱۶۱ (۲) کے تحت اس کا ابھی فیصلہ ہوتا ہے، اور یہ فیصلہ جب Council of Common Interests کی میٹنگ ہو گی تب ہو گا، یہ جواب میں نے دے دیا ہے۔

جناب بشیر احمد مٹھ: میں جناب یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ فیصلہ تو نہیں ہوا ہے لیکن یہ کب ہو گا کیونکہ یہ Council of Common Interests کی میٹنگ تو بلانا ہی نہیں چاہتے۔

جناب چیئرمین: آپ یہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کب فیصلہ ہو گا، کب میٹنگ بلائی جائے گی۔

جناب بشیر احمد مٹھ: جس فورم پر فیصلہ ہونا ہے اس کی یہ میٹنگ نہیں بلا رہے ہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! میں نے عرض کیا ہے کہ اس کا فیصلہ Council of Common Interests میں کیا جائے گا اور کونسل کی میٹنگ بلانے کا فیصلہ کب ہو گا اس کا وزارت خزانہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

(مداخلت)

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین! جب اس کا فیصلہ ہو گا تو اس کا اطلاق پچھلے سالوں سے ہو گا یا جب فیصلہ ہو گا اس وقت سے ہو گا۔ اگر فیصلہ پچھلے سالوں سے ہو گا تو کیا اس کے بقایاجات بھی دیئے جائیں گے یا نہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: جو فیصلہ ہو گا اس پر عمل کیا جائے گا۔ اگر فیصلہ

with retrospective effect ہوگا، تو اس کے مطابق فیصلہ ہوگا اور آئندہ کے لئے فیصلہ ہوگا تو آئندہ سے قابلِ عمل ہوگا۔

جناب چیئرمین: فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: جناب وزیر موصوف کو علم ہے، یہ اس وقت ہمارے ساتھ سینیٹر تھے، کہ جونیجو صاحب کی مسلم لیگی حکومت میں نیشنل فنانس کمیشن کے اجلاس کے بعد کیبنٹ نے فیصلہ کر لیا تھا، مگر یہ implement نہیں ہوا تھا ان کو اب یہ summary مل گئی ہے کہ اس رائلٹی کا تعین اس کمیٹی نے کیا تھا، اسی طرح بلوچستان کی گیس کا بھی کیا تھا، اسی طرح سے سندھ کے آئل کا بھی کیا تھا، لہٰذا کیا یہ چیزیں ان کے علم میں ہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: نہیں جناب، میرے علم میں یہ بات نہیں ہے۔

**Mr. Chairman:** Mr. Hasan A. Shaikh on supplementary question.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Is it not deliberate negligence on the part of the government to avoid the setting up of the Council of Common Interests although their own government in Frontier has asked for it?

جناب احسان الحق پراچہ: یہ جناب فاضل ممبر کی اپنی سوچ ہے۔

**Mr. Chairman;** Mr. Basheer on supplementary question.

**Mr. Basheer Ahmed Matta:** Sir, my request to the honourable Minister is whether he has given any thought to this matter, whether he will move in the Cabinet that the Council of Common Interests should be called so that this matter should be decided, will he move the Cabinet for this being the Finance Minister.

جناب احسان الحق پراچہ: میں اپنے ممبر کی خواہشات کیبنٹ تک ضرور پہنچا دوں گا۔

**Mr. Chairman:** Think you. Syed Abbas Shah on supplementary question.

**Syed Abbas Shah:** Is it correct that Frontier which is a very backward area is suffering because of this revenue which has accumulated for many years, as you said that it will be decided by Council of Common Interests but what is the position in the Constitution and whether this will accumulative for those years which have lapsed?

جناب احسان الحق پراچہ : جناب چیئرمین ! جہاں تک صوبوں کے مفادات کا تعلق ہے وفاقی حکومت ان کے تمام مطالبات کو پورا کر رہی ہے۔ صوبہ سرحد کو ترقیاتی سکیموں کے لئے جتنی ضرورت ہے Annual Development Programme کے تحت فراہم کر رہے ہیں لہٰذا یہ جو کمی ہے، یہ ان کو محسوس نہیں ہونے دی گئی۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال ۱۱۵ ہے، اس کا جواب نہیں آیا ہے، یہ وزیر لوکل گورنمنٹ سے متعلق ہے، یہ غالباً اپنی religious obligations میں مصروف ہوں گے جی طارق رحیم صاحب۔

**Khawaja Ahmed Tariq Rahim:** Sir, today is the last day of his religious obligations. But the question is that if the reply had been received then I would have answered it.

**Mr. Chairman:** Reply not received.

**Khawaja Ahmed Tariq Rahim:** It may be deferred, Sir.

**Mr. Chairman:** May be deferred Next question 140

جناب چیئرمین : جی اگلا سوال نمبر ۱۴۰۔

**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:**

140 Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

to state the proposed plan and progress in regard to the privatisation scheme announced by the Prime Minister of the beginning of this year?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** The government have prepared the following scheme of privatisation:

(i) Disinvestment of 10 per cent shares of the PIAC

(ii) Disinvestment of 49 per cent shares of the Muslim Commercial Bank.

(iii) Disinvestment of 10 per cent shares of Pak-Saudi Fertilizer Company

The progress made in the implementation of the scheme is as under;

(i) Arrangements have been finalised to offer 10 per cent shares of the PIAC to the general public. The subscription will commence on 21st May, 1990. and will remain open for 3 days till 23rd May, 1990

(ii) The auditors of the Muslim Commercial Bank were asked to undertake valuation of the assets of the Bank. The valuation report has been received and is under examination.

(iii) As regards Pak-Saudi Fertilizer Company, efforts are being made to secure the services of foreign Consultants to assist in its privatisation

**Mr. Chairman:** Any supplementary question?

**Mr. Mohsin Siddiqui:** Will the Minister inform us as to what is the basis of electing certain units, or certain institutions for divesting the shares

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! حکومت نے اپنے منشور میں
یہ کہا تھا کہ جتنی انڈسٹریز پبلک سیکٹر میں ہیں خواہ وہ منافع میں چل رہی ہیں
یا خسارے میں چل رہی ہیں ان کو privatise کیا جائے گا۔ چند انڈسٹریز
ایسی ہیں جو defination privatisation میں نہیں آتیں نہ وہ privatise ہو سکتی

ہیں ان کی dis-investment کی جائے گی - اب وہ انڈسٹریز جو منافع پہ چل رہی اور جن کے ... مارکیٹ میں لوگ purchase کرنے کے لئے تیار رہیں وہ انڈسٹری پر ہم نے پہلے select کیں تا کہ حکومت کی یہ privatisation scheme کامیاب ہو - چنانچہ اس ضمن میں حکومت نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کے دس فیصد shares dis-invest کر کے privatise کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور مجھے امید ہے کہ انشاءاللہ یہ shares جو کہ ۲۱/۲۲/اور ۲۳/ تاریخ کو open ہو رہے ہیں یہ بڑی کامیاب پالیسی ہو گی - اور میں فاضل ممبران کو بھی دعوت دوں گا کہ وہ بھی حکومت کی اس کوشش میں شامل ہوں اور پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کے shares خرید کے اس کے حصہ دار بنیں -

اس کے بعد حکومت ایک اور ادارہ جو Ministry of Production کے زیر اہتمام چل رہا ہے پاک سعودی فرٹیلائزر کمپنی، جب سے یہ کمپنی معرض وجود میں آئی ہے منافع کما رہی ہے اس کو ہم نے Second candidate for dis-investment privatisation کیا ہے - اس کے بعد ورلڈ بنک نے مشورہ دیا کہ آپ کمرشل بنکوں کو privatise کریں حکومت اپنا کنٹرول کم کرے - حکومت نے اپنی privatisation کی پالیسی پہ عمل درآمد کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہے کہ third candidate for privatisation shall be Muslim Commercial Bank and may be then Allied Bank.

پالیسی حکومت کی یہ ہے کہ پہلے وہ ادارے جو منافع پر چل رہے ہیں اور جہاں پرائیویٹ سیکٹر investment کرنے کے لئے تیار رہیں privatise کیا جائے - لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایسے ادارے جو بند پڑے ہیں یا خسارے میں چل رہے ہیں اُن کو dis-investment through public offer کر کے dispose-of کیا جائے - اور امید ہے کہ اب یہ عمل چونکہ جاری ہو چکا ہے آئندہ سال انشاءاللہ تعالےٰ اس کو تیز کریں گے اور

privatisation کی پالیسی پہ عمل کریں گے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی جناب محسن صدیقی صاحب۔

**Mr. Mohsin Siddiqui:** Mr. Chairman, the effort however, token it may be, is appreciable and we do appreciate that at lease some beginning have been made, but may question was as to how, for example among the five nationalised banks, you have chosen Muslim Commercial Bank which is just like putting a ballot or some basis, some consideration, some grounds and for example there is Habib Bank, there is United Bank, there is National Bank and there is Allied Bank and there is United Bank and then Muslim Commercial Bank. What is the basis? Why you have selected Muslim Commercial Bank for that matter for example and similarly there are other fertilizer factories also, how you have selected Saudi-Pak and so far as PIA is concerned it is a very token offer of 10% and naturally he says that the people will be very happy, people will be diffident to invest in a company except small investors in whose management they cannot have any say. This is why I wanted to know from him as to what was the criteries what was the basis, what was the ground for making these three selections. I do not challenge the move, I do appreciate the step taken however, and for the knowledge of this House and the token it may be but I want to know for my satisfaction public as to what is the basis of selection?

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! انڈسٹریز جو اس وقت پبلک سیکٹر میں ہیں ان میں ایک تو وہ انڈسٹری ہے جو nationalise کی گئی تھی under the economic reforms order 1972 ان کے لئے قانون میں ترمیم کرنے کی ضرورت ہے اُن میں first choice جو ہے جو original share holders تھے ان کا بنتا ہے۔ حکومت اس ایکٹ میں ترمیم کرنا چاہتی ہے لہذا جن میں قانونی پیچیدگیاں ہیں اُن اداروں اور انڈسٹریز کو فی الحال touch نہیں کیا۔

بنکوں کا ذکر فاضل ممبر نے کیا، حبیب بنک، یو۔بی۔ایل، نیشنل بنک بہت بڑے بنکوں میں شامل ہوتے ہیں ان کا سرمایہ زیادہ ہے ان کے

employees زیادہ ہیں الائیڈ بنک بہت چھوٹا بنک ہے ہم نے ایک
moderate policy middle path اختیار کی اور اس کے لئے ہم نے مسلم کمرشل
بنک کو select کیا۔ اب اس میں جو ان کے assets debts ہیں تمام کو
evaluate کر کے privatisation committee نے یہ فیصلہ کیا کہ مسلم کمرشل بنک
کو پہلے privatise کیا جائے۔ اور اگر یہ سکیم کامیاب رہتی ہے تو اس کے
بعد پھر دوسرے ادارے بھی اسی زمرے میں آ جائیں گے۔

with regard to the fertilizer companies جتنی public sector میں ہیں ان
میں سے balance sheet کے لحاظ سے، حالانکہ
حکومت کو اس میں نقصان ہے کہ وہ انڈسٹری فروخت کر دی جائے جو
منافع کما رہی ہے لیکن ہم چونکہ privatisation کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ پرائیویٹ
سیکٹر کی انڈسٹری میں لانا چاہتے ہیں اس لئے ایسی انڈسٹری دینا چاہتے
ہیں جو منافع کما رہی ہے اور زیادہ لوگ investment کرنے کے لئے آئیں
لہٰذا ہم نے fertilizer sector میں evaluate کر کے پاک سعودی کمپنی کو
کیا ہے تاکہ لوگ اس میں کر سکیں۔

**Mr. Mohsin Siddiqui:** Mr. Chairman, Would the honourable Minister inform us that Muslim Commercial Bank, according to the reports in the World Bank and the IMF, is an organization, which is at the point of bankruptcy, and the public and especially the share market knows it so well, I repeat so well more than we know and the selection of Muslim Commercial Bank for that respect for a public attraction to purchase shares on the stocks of the stock exchange is not a very very welcome thing. Therefore, and this is why I wanted to know and now I put the specific question that this is one of the bank which according to the World Bank and according to IMF and the reports in the market is at the verge of liquidation.

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! میں فاضل ممبر کے اس
allegation کو refute کرتا ہوں کہ ورلڈ بنک اور IMF نے مسلم کمرشل

[Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha]

بنک کے متعلق کوئی ایسی رپورٹ نہیں دی اور اگر فاضل ممبر کے پاس ایسی
information ہے تو مجھے خوشی ہوگی کہ اگر وہ رپورٹ ہمیں دیں۔
کون سی حکومت چاہے گی کہ اپنی پرائیویٹائزیشن کی پالیسی کو
ناکام بنائے۔ اس ادارے کو ساتھ لے کر privatise کرے جس کے
share کی مارکیٹ میں acceptability نہ ہو کب اور کونسی حکومت یہ چاہے
گی میں فاضل ممبر کو یقین دلاتا ہوں کہ کمیٹی نے پورے غور و خوض کے بعد یہ
فیصلہ کیا کہ مسلم کمرشل بنک کو nationalise کیا جائے اور جب سے یہ خبر
ہوئی ہے تو روزانہ مجھے information آتی ہیں

that many foreign investors, Pakistanis living abroad they are asking as how we are selling that when you will be selling it, they are so enthusiastic about this Muslim Commercial Bank

کہ میں وہ بتا نہیں سکتا تفصیل، لیکن گورنمنٹ نے پورا جائزہ لیا ہے اور جن
جن خدشات کا اظہار فاضل ممبر نے کیا ہے وہ بالکل بے بنیاد ہیں۔

**Mr. Mohsin Siddiqui:** Is the Minister aware that in London Branch of the Muslim Commercial Bank alone there was 49 million (Pound Sterling) fraud which was investigated and proved and if be wants I can produce the papers.

**Mr. Chairman:** Yes, Minister of State for Finance?

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! ہماری حکومت سے پہلے مسلم
کمرشل بنک لندن برانچ کا فراڈ کا کیس چل رہا تھا وہ مسلم کمرشل بنک نے
اس کی provision کر دی ہے اور ہماری حکومت نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ مسلم
کمرشل بنک کی وہ برانچ بند کر دی جائے اور الائیڈ بنک کی برانچ میں مدغم
کر دی جائے۔ اس کا ہمیں علم ہے لیکن provision کر دی گئی ہے investigation
اپنے طور پر علیحدہ ہو رہی ہیں لیکن ہم نے وہ لندن برانچ کر دی ہے

مسلم کمرشل بنک کے پاس اتنے reserves موجود تھے کہ انہوں نے اُس loss کی provision کر کے الائیڈ بنک کو ادا کر کے اس میں وہ برانچ مدغم کر دی ہے۔

جناب چیئرمین : جی جناب حسن اے شیخ صاحب ۔

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Will the Finance Minister be pleased to consider making offer to the previous owners of these Banks and other undertakings which are being sold out to the public. First, they can offer to them, if they do not accept then make an offer to the public. **Will he be able** to consider this?

**Mr. Chairman:** Yes, Minister of State for Finance.

جناب احسان الحق پراچہ : جناب چیئرمین ! حکومت نے یہ تہیہ کیا ہے کہ ملک میں share holding base کو وسیع کیا جائے اور اسی پالیسی کے تحت حکومت نے اس امر کو یقینی بنایا ہے کہ پاکستان کے ہر corner میں، ہر دیہات میں بھی جو بنک کی برانچ موجود ہے اس میں جو کمپنی بھی privatize کریں گے اس کی درخواستیں موجود ہوں اور مینیجر کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اس کو ensure کریں they should act as salesman of the company for which the shares are being plotted اس لئے ہم تو ہر غریب آدمی کے لئے جو ایک سو روپے کا share خرید سکتا ہے جو ہزار روپے کا share خرید سکتا ہے اس base کو بڑھانا چاہتے ہیں اور عوام کو بینکوں میں شریک بنانا چاہتے ہیں ۔ ہم previous owne کو جو پرانے کارخانہ دار تھے، سرمایہ دار تھے، ان کو دوبارہ بینک واپس نہیں کرنا چاہتے۔ بلکہ ہماری خواہش یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ، عوام کو غریبوں کو مزدوروں کو، ورکرز کو، وکلاء کو، انجینیئرز کو، ڈاکٹرز کو ان میں حصہ دار بنایا جائے۔

سید فصیح اقبال: ضمنی سوال۔ کیا وزیر موصوف صاحب فرمائیں گے کہ انہوں نے کہا ہے کہ ورلڈ بینک نے سفارش کی ہے، یہ سفارش کب کی ہے؟ اور کن کن چیزوں کے بارے میں کی ہے؟ کیونکہ اور بھی DFIs ہیں اور بھی مالیاتی کارپوریشنیں ہیں۔ صرف مسلم کمرشل بینک کے لئے تو نہیں کی یا بینکوں کے لئے کی ہے۔ اور باقی PICIC ہے۔ IDBP ہے۔ اس کے بارے میں World Bank کی رپورٹ بہت سخت خراب ہے اور discouraging ہے! اس میں تو انہوں نے loans دینے بھی بند کر دیئے ہیں۔ جتنے external foreign exchange اس کے بارے میں ذرا بیان کریں۔

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! اس ضمنی سوال کا تعلق اس privatisation کے سوال سے نہیں ہے۔ لیکن فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض کروں گا کہ World Bank نے جون تک PICIC temporarily کی lines of credit بند کی تھی۔ انہوں نے study کرنی تھی۔ ان کا مشن آیا تھا اور مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ تعالےٰ جون تک وہ lines of credit کھول دی جائیں گی اور اگر فاضل ممبر کو کوئی information اس سلسلے میں چاہیئے تو علیحدہ سوال کر دیں میں جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال ۱۴۱ سرتاج عزیز صاحب۔

## NATIONALIZED COMMERCIAL BANKS

**Mr. Sartaj Aziz:**

141. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) the total loan portfolio of each nationalized Commercial Bank and Development Finance institutions and the percentage of

infected portfolio i.e. proportion of loans that are in default for more than 6 months with year-wise break-up during the last 5 years (1983-84 to 1988-89) separately for domestic and foreign operations;

(b) the implications of the reportedly high percentage of infected portfolio for the financial health of these institutions and their international credit worthiness; and

(c) the steps taken by the government to over come this problem?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** The information is very lengthy and is being collected from Nationalized Commercial Bank and Development Finance Institutions. As soon as the information is received, the same will be placed before the House.

جناب احسان الحق پراچہ: جناب اس میں میری submission یہ ہے کہ یہ جو سوال کیا گیا تھا یہ سوال پوری ایک کتاب بنے گی۔ اور اس کے لیے میں یہ معلومات اکٹھی کر رہا ہوں اگر وقت دے دیں تو اگلے اجلاس تک میں یہ معلومات دے دوں گا شاید آج یہ اجلاس ختم ہو جائے۔ میں صرف اتنی اجازت چاہوں گا۔

**Mr. Sartaj Aziz:** Sir I hope the Honourable Minister is aware that this information was supplied a few months ago to the World Bank at the request and it is available at least for this period that is why I did not ask the question upto 88-89, I have asked upto 89-90. If this information can be supplied to the World Bank certainly the Senate is also entitled to it.

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! میرے علم میں نہیں ہے کہ World Bank کو بعینہ یہی information دی گئی ہے جو فاضل رکن نے مانگی ہے لیکن جو feed back مجھے ملی ہے۔ information اکٹھی کی جا رہی ہیں اور یہ information اتنی lengthy ہے کہ اگر یہ تیار ہوتی تو مجھے کوئی اعتراض نہیں تھا

کہ میں یہاں پیش کر دیتا۔

جناب چیئرمین: بہرحال چیک کر لیں۔ اگر World Bank کو دی گئی ہے تو اور آسانی ہو جائے گی۔ جلدی ہو جائے گی۔

جناب احسان الحق پراچہ: اگر دی گئی ہوتی تو آج میں پیش کر دیتا۔

**Mr. Chairman:** So the next question No.142 Ishaque Baluch Sahib

TERMINATION OF SERVICE OF R.M., ADBP. SIALKOT.

**Mr. Mohammad Ishaque Baluch:**

142. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleased to state:

(a) whether it is a fact that the services of Regional Manager, Agricultural Development Bank of Pakistan Sialkot, were terminated. *without any notice; and*

*(b) as to whether it is also a fact that he was suddenly reinstated and transfere to Lahore ? If so, the reasons for his termination and reinstatement ?*

**Mr. Ihsan-ul-Haque Piracha:** (a) Yes, it is a fact that the services of Mr. Muhammad Akram, Senior Director/Regional Manager, ADBP, Sialkot were terminated under Staff Service Regulation 13 (1) without assigning any reason, through Office Memorandum, dated 27th August, 1989.

(b) Orders of his termination were cancelled and he was transferred to Lahore and posted as Senior Director, ADBP Staff College, Lahore through Office Memorandum dated 29th August, 1989. His termination orders were issued because he was alleged to have committed serious irregularities in a loan case of Rs. 5 million and was not enjoying good reputation also. After issue of termination orders Mr. Muhammad Akram approached the Civil Court, Sialkot and Senior Civil Judge, Sialkot suspended the operation of the orders of termination on 28th August, 1989. As a result of this decision of the court, he was restored as Regional Manager, Sialkot. Since his continued posting as Regional Manager, Sialkot was likely to further damage the Bank's interest, it was decided on reconsideration to withdraw the termination orders and to proceed against the officer under the Efficiency and Discipline Regulations, after removing him from the position of Regional Manager, Sialkot. He has since been formally charge-sheeted for the irregularities committed by him and final decision will be taken after receipt of the enquiry report.

**Mr. Chairman:** Any supplementsay question? No supplementary question.

Next Question No. 143 Ishaque Baluch Sahib.

RECRUITMENT IN ADBP

**Mr. Mohammad Ishaque Baluch:**

143. Will the Minister for Finance and Economic Affairs be pleaesed to state the total number of persons appointed in the A.D.B.P. from 1st July to 25th September, 1989, indicating also their names, designation educational qualifications, place of domicile and place of posting?

**Mr. Ihsan-ul-Haq Piracha:** In all 280 appointments have been made in the Bank from 1st July, 1989 to 25th September, 1989. A list showing their names, Designations, educational qualifications, place of domicile and place of posting is at Annexure. (Annexure has been placed in the Senate Library).

**Mr. Chairman:** Any supplementars question. Dr. Bisharat Elahi Sahib.

**Dr. Bisharat Elahi:** Mr. Chairman, I would like to point out and request the Honable Minister concerned to let me know that they have appointed 280 persons from 1st July to 25 September, 1989, that was in a period of less than 3 month. I would like to know whether these appointment came up as a matter of emergency or whether they are resulted as a matter of persons who are retiring from service? How can so many people were inducted in such a short time?

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیرمین! ۲۸۰ کی تعداد اتنے بڑے ادارے کے لئے میں سمجھتا ہوں کم ہے۔ یہ vacancies, new inductions, creation of new posts, opening of new branches تو اس میں ۲۸۰ کی تعداد زیادہ نہیں ہے۔ لہٰذا ضرورت کے مطابق AGRICULTURE DEVELOPMENT BANK نے یہ آدمی

بھرتی کئے ہیں۔ ضرورت کے بغیر ایک آدمی بھی بھرتی نہیں کیا گیا۔

جناب سرتاج عزیز: کیا اس کا موازنہ پچھلے پیریڈ کے ساتھ کر سکتے ہیں کہ ایک سال پہلے اور اس سال بھرتی ہونے والوں کی کیا تعداد ہے؟

جناب احسان الحق پراچہ: جناب یہ موازنہ کرنا تو اس وقت میرے لئے ممکن نہیں ہے۔ لیکن میں موازنہ کر کے ضرور دوں گا۔ میرے ذاتی علم میں ہے کہ اس سے کہیں زیادہ بھرتی اس سے پہلے سال میں کی گئی تھی۔

سید عباس شاہ: کیا منسٹر صاحب بتائیں گے کہ صوبہ سرحد میں یہ عام تاثر ہے اور میرے خیال میں صحیح بھی ہو گا کہ جتنی بھی تقرریاں کی جاتی ہیں صوبہ سرحد کے کوٹہ کے حصے میں وہ صرف ایک وزیر صاحب کر دی جاتی ہیں، جن کا تعلق ہزارہ سے ہے اور ساری پوسٹیں اسی نے لی ہیں۔ کیونکہ مجھے ایک ایم این اے نے جو کہ حکومتی بنچوں پر بیٹھتے ہیں بتایا ہے کہ تمام پوسٹیں اسی کے حوالے کی جاتی ہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: میں پہلے بھی ایک سوال کے جواب میں عرض کر چکا ہوں کہ ایم این ایز کو یا وزراء کو as such کوئی پوسٹیں نہیں دی جاتیں۔

جناب چیئرمین: لسٹ دیکھ لیں، انہوں نے لسٹ دی ہوئی ہے۔

سید عباس شاہ: جناب یہ تاثر ہے کہ اس کو دی گئی ہیں اس نے ساری پوسٹیں purchase کی ہوئی ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ نے جواب دے دیا ہے۔

جناب احسان الحق پراچہ: میں نے جناب جواب دے دیا ہے۔ میں نے عرض کیا ہے کہ میں نے پہلے بھی ایک سوال کے جواب میں عرض کیا تھا کہ

ایم این ایز or for that matter Ministers کو کوئی اس قسم کا اختیار نہیں دیا گیا کہ وہ تقرریاں کروا سکیں۔ جس علاقے کا یہ ذکر کر رہے ہیں، اس کا ان کو پتہ ہو گا۔ اگر کوئی پوسٹیں یا vacancies وہاں بھرتی کی گئی ہیں تو وہاں vacancies زیادہ ہوں گی۔ لیکن as such کسی منسٹر کو یہ اختیار نہیں دیا گیا۔

**Syed Abbas Shah:** Sir, if I prove that, then what will be the action?

اگر اس وزیر نے لی ہوں تب کیا ہو گا جی۔

جناب چیئرمین: یہ کہہ رہے ہیں کہ اگر ہم ثابت کر دیں کہ ایک وزیر کو دی گئی ہیں تو پھر کیا ہو گا؟

جناب احسان الحق پراچہ: میں عرض کر رہا ہوں کہ as matter of police اگر ایک وزیر کو دیں تو دوسرے وزیر کہاں بیٹھنے دیں گے۔

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد: میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ کیا زرعی ترقیاتی بینک نے ان تقرریوں سے قبل ان اسامیوں کے لئے اشتہار دیا تھا۔

جناب احسان الحق پراچہ: نہیں جی کوئی اشتہار نہیں دیا تھا۔

پروفیسر خورشید احمد: کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ ماضی میں ہمیشہ اشتہار دیا جاتا رہا ہے اور صحیح appointment کے لئے ضروری ہے کہ آپ ایڈورٹائز کریں، گو لوگ کریں اور اس کے بعد appointments ہوں۔ اس طرح آپ نے ساری under-hand appointments کی ہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: جناب جو ماضی میں اصول اپنائے اور بنائے گئے تھے انہی پر ہم عمل کر رہے ہیں۔ ہم نے اس کا اصول ابھی نہیں بدلا۔

سید فصیح اقبال: جناب یہ فہرست تو میرے پاس نہیں ہے۔ لائبریری میں رکھی گئی ہے میں وزیر موصوف سے پوچھوں گا کہ ان کے پاس جو لسٹ

[Syed Faseih Iqbal]

ہے، اس میں بلوچستان کا کیا کوٹہ تھا۔ کیونکہ جب آپ بلوچستان کو نظرانداز کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہمیں درخواستیں نہیں ملیں۔ آپ بتایئے کہ بلوچستان کے کتنے لوگ رکھے گئے اور اگر نہیں رکھے گئے تو ابھی ایوان میں آپ کو کہنا پڑے گا۔

جناب احسان الحق پراچہ: میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ ان ۲۸۰ میں سے بلوچستان کے ۹ افراد رکھے گئے ہیں۔

سید فصیح اقبال: کل ۹ افراد ۹ جبکہ ۲۸ ہمارے پہلے تھے وہ کہاں گئے؟

جناب چیئرمین: آپ کا کوٹہ پانچ فیصد بنتا ہے۔

سید فصیح اقبال: ۳٫۵ فیصد ہے۔

جناب چیئرمین: ۳٫۵ کے مطابق کتنا کوٹہ بنتا ہے ۲۸۰ میں سے آپ کا کوٹہ کتنا بنتا ہے؟

سید فصیح اقبال: ۱۴ آدمی جناب۔ ایک عرض اور کروں کہ میرے ۸۶ والے ۲۸ بھی شامل ہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: جناب میں فاضل ممبر کے لئے عرض کروں کہ ان میں وہ افسران بھی شامل ہیں جو کوٹہ کے زمرے میں نہیں آتے۔ اس لئے اگر کوٹہ کو پیش نظر رکھا جائے تو یہ تعداد شاید کوٹہ سے تجاوز کر جائے۔

سید فصیح اقبال: جناب پچھلی مرتبہ میرے سوال کا یہی جواب تھا کہ بلوچستان سے کوئی آدمی نہیں آیا۔ اب آپ یہ کہہ رہے ہیں۔ کمال ہے بلوچستان کو تو آپ نے بالکل نظرانداز کیا ہے۔ آپ وہاں جانے کے لئے بھی تیار نہیں ہیں۔

جناب احسان الحق پراچہ: فاضل ممبر کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ آج

میرے پاس بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کے اراکین تشریف لائے تھے۔

سید فصیح اقبال: پی پی کے آئے ہوں گے۔ جو یہاں کہا کریں سچ کہا کریں۔

جناب چیئرمین: سوال پوچھیے اور جواب سنیے do not enter into an argument.

سید فصیح اقبال: یہ ہمارے آدمی نہیں رکھتے ہم کیا کریں۔

جناب احسان الحق پراچہ: آج کوئٹہ کے نمائندے میرے پاس تشریف لائے تھے میں نے ان سے عرض کی کہ ۳۰ جون کے بعد جولائی میں جتنی پوسٹیں available ہیں in commercial banks in DFIs ان کی میں لسٹ بنوا لوں گا اور بلوچستان کے کوٹے میں اگر کوئی پچھلے سالوں میں نا انصافی ہوئی ہے تو ان پوسٹوں کے بھرتی کرنے میں کوشش کروں گا تاکہ نا انصافی کم ہو سکے لیکن اس دفعہ جو زرعی ترقیاتی بینک نے رکھے ہیں وہ تو ان کے کوٹے سے زیادہ رکھے ہیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: عباس شاہ صاحب آپ کی اطلاع کے لیے مانسہرہ سے کوئی ۲۰، ۲۵ آدمی رکھے گئے ہیں۔

You may have a look at the list. They have been generous to Mansehra.

**Syed Abbas Shah:** These posts have been purchased, Sir, with money.

جناب چیئرمین: بہر حال یہ لسٹ دیکھ لیں، جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب والا! آنریبل منسٹر صاحب نے ابھی یہ کہا کہ ہم سابقہ پالیسی کو جاری رکھے ہوئے ہیں تو اس وقت میں ایک جنرل، صدر بھی تھا تو کیا انہوں نے کسی جنرل کو صدر بنانے کا فیصلہ بھی کیا ہے باقی

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

سب چیزیں تو وہی ہیں ایک ہی چیز نہیں لگتی یہ اگر صدر کوئی جنرل بنا دیں تو میرا خیال ہے کہ پھر وہی معاملہ ہو جائے گا۔

خواجہ احمد طارق رحیم: ہم نے صدر کو جرنیل بنا دیا ہے۔

سید محمد فضل آغا: گو کہ پراچہ صاحب نے روانی میں فرما دیا ہے لیکن پوزیشن صاف نہیں ہے پچھلے ۴۲ سال سے بلوچستان کا کوٹہ پانچ فیصد یا ساڑھے تین فیصد جو مانتے رہے ہیں وہ تمام محکموں میں پورا نہیں ہے کہیں ایک فیصد، کہیں دو اور کہیں ڈھائی تو کیا آج وزیر صاحب فلور پر فرمائیں گے کہ آئندہ جب [illegible] بیٹھیں گی تو بلوچستان کے لئے کوٹے کو restrict اس conditions میں کریں گے کہ ہمارا پچھلا کوٹہ اس cadre میں یا اس محکمے میں پورا ہو اور اگر ہمارے کوٹے کی already deficiency ہے تو کیا منسٹر صاحب یہ کہنے میں حق بجانب ہیں کہ جی آپ کا ساڑھے تین فیصد کوٹہ تھا یا پانچ فی صد ہم نے آپ کو دے دیا جبکہ پچھلا ہمارا سارا due ہے تو اس سلسلے میں پراچہ صاحب فرمائیں کہ آئندہ یہ جو موجودہ حکومت ہے یہ بلوچستان کے لئے کیا پالیسی اختیار کرے گی۔

So, I will move this motion...

Yes, please Qazi Latif Sahib, on point of order.

قاضی عبداللطیف : جناب مجھے اردو کا مسودہ نہیں ملا ۔

جناب چیئرمین : جی اردو کا مسودہ قاضی صاحب کو دے دیں ۔

**The Chairman:** The motion moved is:

(Please repeat as at 'B' prepage)

(The motion was adopted)

**Mr. Chairman:** The motion stands carried.

Now we move to clause by caluse reading

The question is that clause 2 do form part of the Bill.

(The motion was adopted)

**Mr. Chairman:** Caluse 2 forms part of the Bill. Now caluse 3

The question is: that caluse 3 do form part of Bill"

(The motion was adopted)

Mr. Chairman: Caluse 3 forms part of the Bill. Now Caluse 4

The question is: That caluse 4 form part of the Bill"

(The motion was adopted)

That Preable, short title and chair I form part of the Bill.

(The motion was adopted)

**Mr. Chairman:** Preable, short title and Clause I form part of the Bill.

Now Tariq Sahib, will you read Item No. 4 (b)?

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Sir, I beg to move:

"That Bill further to amend the Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) Act, 1975. The Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) (Amendment) Bill, 1990, be passed.

**Mr. Chairman:** The question is:

(Please repeat as at 'C' above)

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

(The will was passed).

**Mr. Chairman:** The Bill stands passed.

**قاضی عبداللطیف :** جناب میں اس بل کی تائید نہیں کر سکتا کیونکہ مجھے ابھی تک اس کی کاپی نہیں ملی ہے ۔

**جناب چیئرمین :** ان کو کاپی دے دیں ۔

Now we move to the last item which is item No. 7. This is the adjournment motion on the increase of discretionary quota of CDA plots by the Prime Minister from 10% to 40%. Yes, Prof. Khurshid Ahmed.

## ADJOURNMENT MOTION.

## RE DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING CDA PLOTS.

**پروفیسر خورشید احمد :** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین ! آپ کو یاد ہو گا کہ یہ تحریک میں نے ۲۶ مارچ کو پیش کی تھی اور ایوان نے اسے بحث اور غور کے لئے منظور کیا تھا اس تحریک التواء کو زیر بحث آنے میں ایک سال سے زیادہ عرصہ گزر گیا ہے اور میں سب سے پہلے آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور آپ کے ساتھ ساتھ خصوصیت سے وزیر پارلیمانی امور کی توجہ بھی مبذول کرانا چاہتا ہوں۔

تحریک التواء کا اصل مقصد یہ ہوتا ہے کہ ایک اہم قومی مسئلے پر بروقت گفتگو ہو سکے اور اس طرح ایک طرف ہم قوم کو متوجہ کرتے ہیں رائے عامہ کو متاثر کرتے ہیں اور دوسری طرف حکومت اگر کوئی غلط اقدام کرنے والی ہو تو اس کو روکنے کی بھی کوشش ہو سکتی ہے ۔ دراصل جمہوریت کی روح یہی ہے کہ کھلی بحث ہو، احتساب ہو accountability ہو اس کے بغیر جمہوریت کام نہیں کر سکتی جمہوریت محض جمہوریت جمہوریت الاپنے کا نام نہیں بلکہ جمہوریت قانون کے مطابق حکومت کرنے کا نام ہے، جوابدہی کا اور

[Prof. Khurshid Ahmed]

پارلیمنٹ اور عوام جن چیزوں پر احتساب کرتے ہیں ان پر respond کرنے کا نام جمہوریت ہے تو اس پہلو سے جناب والا! میں سب سے پہلے یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ سینیٹ کا اجلاس زیادہ لمبے عرصے کے لئے زیادہ frequency کے ساتھ ہونا چاہیئے اور یہ جو آپ نے روایت بنالی ہے کہ ہفتے میں سات میں سے صرف تین دن ہم کام کرتے ہیں یہ غلط ہے ہمیں زیادہ سے زیادہ وقت دینا چاہیئے تاکہ اس نوعیت کے اہم معاملات کو بروقت لیا جا سکے۔

جناب والا! دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ مسئلہ بڑا ہی بنیادی مسئلہ ہے ایک ملک میں اگر انصاف نہ ہو اگر حقدار کو اس کا حق نہ ملے اور ملک کی دولت ملک کے وسائل ذاتی پسند ونا پسند discretionary اختیارات کے ذریعے احتساب سے بلند ہو کر استعمال کئے جائیں تو یہ جمہوریت نہیں یہ فسطائیت ہے یہ آمریت ہے یہ شدید قسم کی exploitation ہے جس کا جواز کسی مہذب معاشرے میں نہیں چہ جائیکہ ایک اسلامی معاشرے میں ہو جہاں بنیادی اصول یہ ہے کہ آپ کسی شخص کا حق نہ مار سکتے ہیں اور نہ کسی کو محض اپنی ذاتی مرضی سے نواز سکتے ہیں۔ سارے وسائل ایک امانت ہیں اور اس امانت کو اس کے مستحقین تک قانون اور ضابطے کے مطابق پہنچنا چاہیئے آپ دستور کو ملاحظہ فرمائیے دستور میں پراپرٹی کے بارے میں ایک اصول بیان کیا گیا ہے آرٹیکل ۱۷۳ کلاز ۵ کے اندر کہ

**Article 173 (5): Transfer of land by the Federal Government or a Provincial Government shall be regulated by law.**

یہ کوئی ذاتی عطیہ نہیں ہے کسی نے اس ملک کو فتح نہیں کیا کہ جس کو چاہے زمین دے دے بلکہ قانون کے تحت اور انصاف کے مطابق ہی اس ملک

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

کی زمین دی جا سکتی ہے۔

مسئلہ جناب والا! یہ ہے کہ اسلام آباد ایک نیا شہر ہے گو اب اسے بیس سال ہو گئے ہیں لیکن اس کے باوجود یہ ایک نیا شہر ہے جس میں زمین کی قیمتیں برابر بڑھ رہی ہیں اور کراچی اور سندھ کے حالات کی بنا پر بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہیں شروع شروع میں جب یہ شہر آباد ہوا ہے تو اس وقت لوگوں کو incentive دینے کے لئے یہ بات کی گئی تھی کہ زمینوں میں سے کچھ حصہ رکھا گیا تھا کہ حکومت اپنی discretion پر دے دے جہاں تک میری معلومات ہیں صرف دس فیصدی پلاٹس حکومت کے یا chief executive کی discretion پر ہوا کرتے تھے اور باقی تمام میں وہ یا سرکاری ملازمین کو یا open auction کے ذریعے سے یا لوگوں سے مانگ کر کے اعلان کرنے کے بعد اور لاٹری کے ذریعے سے جس میں کسی کے ساتھ بھی کوئی discrimination نہیں ہوتا تھا کے ذریعے سے دیئے جاتے تھے۔ یہی دراصل معروف اور صحیح طریقہ ہے لیکن پچھلے دنوں خصوصیت سے اس کوٹے کو دس فیصدی سے بڑھا کر چالیس فیصدی کیا گیا ہے میں اس معاملے میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں اور میرے دوست مجھے معاف رکھیں کہ ہمارے حکمرانوں نے بالعموم اپنے discretionary اختیارات کو غلط استعمال کیا ہے لوگوں کو نوازنے کے لئے استعمال کیا ہے سیاسی وفاداریاں خریدنے کے لئے استعمال کیا ہے یہ تمام چیزیں غلط ہیں خواہ ان کا کرنے والا کوئی بھی ہو ماضی میں اگر کسی نے یہ کام کیا ہے تو غلط کیا ہے اور آج بھی اگر کوئی کر رہا ہے تو وہ غلط ہے اور ہم اگر آج احتساب کر رہے ہیں تو اس کے یہ معنی نہیں ہیں کہ ماضی کی چیزوں کو condone کر رہے ہیں لیکن خدارا کہیں نہ کہیں ان بدعنوانیوں کو ان چیزوں کو رکنا چاہیئے اگر یہ رکتی نہیں ہیں تو یہ قوم کا نقصان ہے اور ہماری آنے والی نسلوں کا نقصان

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہے اس بنا پر میں پوری دردمندی کے ساتھ اور اس ملک اور اس قوم اور ہماری آئندہ آنے والی نسلوں کو سامنے رکھ کر یہ بات کر رہا ہوں اور مثالیں پیش کر رہا ہوں۔

جناب والا! میں نے کئی بار سینیٹ میں ــــ اور آج نہیں تقریباً تین سال میں resolutions لا رہا ہوں کہ سیاسی بنیادوں کے اوپر پلاٹس کی allotment ختم ہونی چاہیئے اس بات کا کوئی جواز نہیں ہے کہ پارلیمنٹ کے اراکین کو یا دوسرے سیاسی افراد کو اسلام آباد میں خصوصی رعایت سے discretionary plots دیئے جائیں دنیا بھر میں قاعدہ یہ ہے کہ پارلیمنٹ کے اراکین کے لئے مکانات ہوتے ہیں جب تک آپ پارلیمنٹ کے رکن ہیں آپ آتے ہیں ان فلیٹس میں رہتے ہیں جب آپ پارلیمنٹ کے رکن نہیں رہتے آپ وہ فلیٹس دوسروں کے لئے خالی کر دیتے ہیں اسی بنیاد کے اوپر دہلی میں انڈین پارلیمنٹ کے ارکان کے لئے فلیٹس بنے ہوتے ہیں جو شخص جب منتخب ہوا اس کو اپنے فلیٹ کی چابی مل جاتی ہے اور جب وہ فارغ ہوتا ہے تو وہ چابی واپس کر دیتا ہے یہی طریقہ ہمیں برازیل میں ملا میکسیکو میں ملا دنیا کے دوسرے ممالک کے اندر بھی یہی ہے لیکن ہمارے یہاں اسلام آباد کے پلاٹس سیاسی طور پر لوگوں کو نوازنے کے لئے استعمال کئے گئے ہیں اور اس معاملے میں جناب والا! جو معلومات قومی اسمبلی یا سینیٹ میں دی گئی ہیں میں نے ان کا تجزیہ کیا ہے اور جو تصویر بنتی ہے وہ میں آپ کے سامنے رکھ دیتا ہوں اس سلسلے میں جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے دور میں جو معلومات ایوان کو دی گئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ چھ سال میں ۹۶ پلاٹس اراکین پارلیمنٹ یا سیاسی طور پر متعلق افراد یا ایسے افراد جن کا تعلق سروسز سے ہے سول سروس یا ملٹری سروس کو دیئے گئے اس کے بعد جناب والا! مارشل لاء کے دور میں یعنی

## RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

پہلے آٹھ سال کے بارے میں جو فگرز قومی اسمبلی کو دی گئی ہیں وہ بچھتر پلاٹس تھے اس کے بعد پھر ۱۹۸۵ء سے لے کر ۱۹۸۸ء تک کا دور ہے اور اس دور کے بارے میں جو فگرز اسمبلی کو دی گئی ہیں وہ ۵۹ پلاٹس ہیں اس پس منظر میں جناب والا! آپ یہ دیکھئے کہ گزشتہ ۱۵ مہینے میں ۲۵۵ پلاٹس اسلام آباد کے دیئے گئے ہیں۔ جناب والا! میں نے اس کا تھوڑا سا اور تجزیہ کرنے کی کوشش کی ہے بہت زیادہ تو اس کی تفصیلات میں نہیں جا سکتا ہوں لیکن جو چیز میرے سامنے آئی وہ یہ ہے کہ اس میں ۱۸ افراد وہ ہیں جو کہ قومی اسمبلی کے ممبر ہیں ایم این اے جن میں جناب غلام سرور چیمہ صاحب، محترمہ شہناز وزیر علی صاحبہ، جناب غلام مصطفےٰ شاہ صاحب، جناب سید فیصل صالح حیات صاحب، جناب احمد سعید اعوان صاحب، جناب ڈاکٹر محبوب الرحمان صاحب، شاہ نواز جونیجو صاحب، راؤ سکندر اقبال صاحب یہ وہ افراد ہیں جو فیڈرل منسٹرز کی لسٹ میں شامل ہیں بڑے بڑے مستحقین کو یہ پلاٹ دیئے گئے ہیں جناب والا! اس میں Prime Minister Office کا عملہ بھی شامل ہے تین افراد Prime Minister کے ساتھ کے ہیں۔ ایک Federal Secretary ہے ایک صوبہ سرحد کا Chief Secretary ہے اور میں کہنا چاہتا ہوں کہ سب سے زیادہ جو نوازشات ہوئی ہیں وہ شمال مشرقی سرحدی صوبے پر ہوئی ہیں اس کے ۲۸ ایم پی اے نوازے گئے ہیں جناب والا! میں چونکہ ایک social scientist ہوں اس لئے میں نے کوشش کی کہ ذرا مختلف انداز میں ان پلاٹوں کی تقسیم کو دیکھوں تو مجھے ایک دلچسپ چیز ملی کہ نومبر کا مہینہ بڑا ہی زرخیز مہینہ ہے مجھے یہ یاد دلانے کی ضرورت نہیں کہ یہ وہ مہینہ تھا کہ جس میں no-confidence motion بھی آیا تھا نومبر کے مہینے میں پانچ نومبر سے تیس نومبر تک جو پلاٹس الاٹ ہوئے ہیں ان کی تعداد ۸۸ ہے اور پھر جناب اگر آپ foucs کو اور کم کریں اور آپ یہ دیکھیں کہ وہ جو آخری ہفتہ تھا

[redacted]



جیسے قتل کی رات کہہ سکتے ہیں اس ہفتے میں یعنی ۲۳ نومبر سے ۳۰ نومبر تک تینتیس ۳۳ پلاٹس دیئے گئے۔ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ رہا ایک Social Scientist کی حیثیت سے جو فگرز ہمیں دی گئی ہیں۔ ان کو analyses کرنے کی کوشش کی ہے ان کی جو تصویر ہمارے سامنے آتی ہے وہ بڑی ہی گھناؤنی تصویر ہے۔

جناب والا! میں نے پھر تھوڑا سا analyses کرنے کی کوشش کی کہ کن قیمتوں پر یہ دیئے گئے ہیں کن ایریاز میں دیئے گئے ہیں۔ اس وقت جس ایریا میں ۸۰۰ سے ۱۰۰۰ گز پلاٹ کی قیمت ۲۰/۳۰ لاکھ روپے ہے وہ یہاں ایک لاکھ سے ۲ لاکھ کی قیمت پر دیئے گئے ہیں ایف-۱۰ کے ایریا میں اس وقت قیمتیں ۳۰ سے ۴۰ لاکھ روپے تک ہیں وہاں پر ایک پلاٹ ڈھائی تین اور ۵ لاکھ روپے پر دیا گیا ہے۔ جناب والا! rough calculation جو میں نے کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قومی خزانے کو کم از کم ۲۵ کروڑ روپے کا نقصان ہوا ہے اس قیمت کی بنا پر جو concessional قیمت کے اوپر یہ پلاٹ دیئے گئے ہیں۔ جناب والا! یہی نہیں بلکہ ہمارے سامنے یہ بات بھی آ رہی ہے کہ ایسے پلاٹ جو amenities کے لئے تھے مثال کے طور پر جی ۱۰-۳ میں تعلیمی مقاصد کے لئے ایک پلاٹ تھا لیکن اس پلاٹ کو تقسیم کر کے میں آپ کو رپورٹ پڑھ کر سنا دوں۔

"To win over a 9 Members group of MNAs who had threatened to quit Pakistan Peoples Party, the government is learned to have recently allotted a large size residential plot to each one of them. According to the information gathered these plots were created 9 residential plots in G-10/3, the land which was originally reserved for a secondary school".

جناب والا! اس طرح تعلیم کے لئے مخصوص اراضی کو قربان کیا جا رہا ہے اور وہ کن کو دی جا رہی ہے وہ جن سے تھوڑا سا خطرہ پیدا ہو گیا تھا کہ یہ شاید

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

دوسری طرف چلے جائیں جناب والا! یہ سیاسی بلیک میل ہے یہ ہارس ٹریڈنگ ہے یہ قومی دولت کا ضیاع ہے ہماری آنکھیں کھلنی چاہئیں ہماری خاطر کچھ سوچنا چاہیئے کل آپ حکومت میں نہیں ہوں گے لیکن آپ کے یہ برے کارنامے کلنک کا ٹیکہ بن کر آپ کے چہرے پر لگے رہیں گے اور قوم آپ سے احتساب کرے گی ہو سکتا ہے کہ آج آپ کسی بنا پر احتساب سے بچ جائیں آپ کو بڑے بڑے protection حاصل ہیں لیکن یہ protection بڑے کمزور اور بودے ہیں آپ کو قوم کے سامنے ایک ایک پائی کا جواب دینا ہوگا ایک ایک پلاٹ کا جواب دینا ہوگا اس بات کا کیا جواز ہے۔ میں تو کہتا ہوں کہ ۱۰ فیصد نہیں ایک فیصد بھی discretionary quota نہیں ہونا چاہیئے یہاں پر جو پلاٹ ہیں ان پر پہلا حق سرکاری ملازمین کا ہے اور جو جتنا غریب ہے اس کا اتنا ہی زیادہ حق ہے یہ ایک ظلم ہے کہ آپ ایک شخص سے ۲۰/۳۰ سال تک خدمت لیتے ہیں اور جب وہ ریٹائر ہوتا ہے تو اس کے پاس سر چھپانے کے لئے جگہ نہیں ہوتی۔ آپ کے پاس ایک ایسی سکیم ہونی چاہیئے کہ ہر سرکاری ملازم کے پاس لازماً ریٹائرمنٹ سے پہلے اس کا اپنا گھر ہو پھر جو پلاٹ بچ جاتے ہیں ان پلاٹ کو سب کے لئے مساوی بنیاد کے اوپر equality کی بنیاد کے اوپر یا آکشن کیا جائے یا آپ ایک سکیم announce کریں لوگوں سے درخواستیں مانگیں اور کمپیوٹر کے ذریعے سے بیلٹ کے ذریعے سے جو پلاٹ نکلے پھر اسے دے دیں اگر کچھ ایسے مستحقین ہیں مثلاً سرکاری ملازمین جو afford نہیں کر سکتے ہیں یا کوئی سپیشل کیس ہو تو وہ بھی قانون کے تحت کام ہونا چاہیئے اور اس کا پورا پورا اکاؤنٹ قوم کے سامنے آنا چاہیئے لیکن یہ discretionary کوٹہ قطعاً غلط ہے۔ اور پھر discretionary کوٹہ کو دس فیصدی سے بڑھا کر ۱۴ فیصدی کر لینا تو ایک ظلم ہے میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ کیئر ٹیکر گورنمنٹ پر اور

[Prof. Khurshid Ahmed]

بہت سارے اعتراضات لوگوں نے کئے ہیں لیکن اس نے ایک سنہری کام کیا ہے اور وہ یہ تھا کہ اس نے صدر کا چیف ایگزیکٹو کا discretionary کوٹہ ختم کر دیا اس زمانے میں میرے علم کی حد تک کوئی پلاٹ نہیں دیا گیا ہے اور صدر نے خود اس بات کا اعلان کیا کہ میں اس discretionary کوٹے کو ختم کرتا ہوں لیکن جناب والا! نام نہاد عوامی اور جمہوری حکومت نے آنے کے بعد سب سے پہلے اسی کوٹے کو ہاتھ میں لیا ۱۰ فیصدی پر ہوس نہ بھری تو اس کو بڑھا کر ۲۰ فیصدی کیا گیا اور پھر اس طرح اس کو استعمال کیا گیا کہ ۱۳، ۱۴ مہینے کے اندر ۲۵۵ پلاٹ الاٹ ہو گئے ہیں غالباً ہر روز یہ خیرات بٹ رہی ہے اور لنگر لگا ہوا ہے اس طرح قوم کے وسائل کو نہ لوٹئے اس طرح قوم کو تنگ نہ کیجئے آپ کو یہ سودا بہت مہنگا پڑے گا اس لئے خدا کے لئے اس پالیسی کو بدلئے۔

اس کے علاوہ بھی کچھ ایسی چیزیں ہیں جو ہمارے علم میں آئی ہیں خصوصیت سے ابھی ۲۴۷ ایکڑ کا ایک پلاٹ جو راول ڈیم کے ساتھ پرائم منسٹر کے آرڈر سے ایک ایسی بیرونی کمپنی کو دیا گیا جس کا پہلے کوئی ریکارڈ نہیں تھا جو کمپنی بنی اس مقصد کے لئے ہے اور اس بارے میں تفصیلات میرے بھائی سرتاج عزیز صاحب کے سامنے پیش کریں گے جناب والا! یہ جو حکومت نے دھاندلی مچائی ہوئی ہے یہ بڑی ہی آنکھیں کھولنے والی چیز ہے اور ہم پوری قوم کو بیدار کرتے ہیں اور حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ خدا کے لئے اپنے رویے کو بدلئے وہ راستہ اختیار کیجئے جس میں آپ کا بھی دامن پاک ہو اور اچھی روایات قائم کریں ورنہ آپ جمہوریت کو بدنام کریں گے اور لوگ جمہوریت کو گالیاں دیں گے۔ جمہوریت، جمہوریت کے معنی یہ ہیں discretionary، جمہوریت کے معنی ہیں لوگوں کے حقوق ان کو ملیں جمہوریت کے معنی یہ نہیں ہیں جس کو چاہیں نوازیں اور محض یہ بات کہ کسی نے آپ کے ساتھ وفاداری برتی تھی

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

کسی نے کوڑے کھائے تھے اگر کسی نے کوڑے کھائے تھے اور اپنے ایمان کی بنیاد پر اپنے یقین کی بنیاد پر اور اپنی سیاسی affiliation کی بنیاد پر کھائے تھے اس کو صبر کرنا چاہیئے اس کی قیمت وصول نہیں کرنی چاہیئے۔ آپ کو معلوم ہے کہ تحریک خلافت میں ہزاروں افراد نے کوڑے کھائے انہوں نے بیگار بھگتی انہوں نے کبھی قوم سے اس کا معاوضہ وصول نہیں کیا اگر آپ نے سیاسی خدمت بھی کی ہے۔ اور سیاسی کارکن کی حیثیت سے وہ خدمت کرنا آپ کی ذمہ داری تھی آپ کا فرض تھا لیکن اس کو encash کرنا پلاٹوں کے ذریعے سے اور ملازمتوں کے ذریعے سے اور ان incompetent لوگوں کو اس کے نام کے اوپر قوم کے اوپر مسلط کرنا اور ایڈمنسٹریشن کے اوپر مسلط کرنا ظلم ہے۔ جناب والا! میں اس پالیسی کو condemn کرتا ہوں اور میں حکومت کو warn کرتا ہوں اور میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ discretionary کوٹہ ختم ہونا چاہیئے۔ اور جن افراد کو اس طرح کے پلاٹ دیئے گئے ہیں اگر آج آپ خود ان سے جو قیمت ہے وہ وصول نہیں کرتے تو یاد رکھیئے کل آنے والی حکومت احتساب کرے گی نہ آپ بچیں گے اور نہ وہ بچیں گے جنہوں نے یہ پلاٹ حاصل کیئے ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب سرتاج عزیز صاحب۔

**Mr. Sartaj Aziz:** Mr. Chairman, as a Senator representing Islamabad I consider it is my special duty to emphasise that the policy governing the allotment of land in Islamabad should be within the rules, within the overall framework and the master plan of Islamabad. Prof. Khurshid Ahmed has just highlighted very eloquently the misuse of the discretionary quota which was allotted to the Prime Minister totally in an unprecedented manner. In addition to those 272 plots very recently the government has allotted, in principle, 287 acres of land near Rawal lake to a company.

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Point of order Sir, It is better if we are able to confine ourselves to the adjournment motion. The adjournment

[Khawaja Ahmed Tariq Raheem]

motion is on the increase of discretionary quota of CDA plots by the Prime-Minister from 10% to 40% and we have had a discussion on this at the time when we have decided to admit it for a 2 hours debte. Now, this new element of the thing is totally unconnected what the Senator is saying. He has moved an adjournment motion on this which is pending before this House. Now, I think, if I have to answer these things, he should confine himself whether there is any legal basis from raising it from 10% to 40% and even if there morally correct or not. Bring something which is new it has nothing to do with the discretionary quota. That will be the misuse of time.

**Mr. Sartaj Aziz:** The basic question is the allotment of land in Islamabad and quota is one mechanism by which it is allotted. The government has also discretionary power and if they allot land in disregard of the National Park Regulation, Islamabad Master Plan without following rules which govern the allotment of commercial plots in CDA then it is a much greater which Prof. Khurshid has mentioned, if the plots are one kanal, one and a half kanal it would be about 50 acres but we are talking of 287 acres -- five times of that land in the area which is actually (I have got the map of Islamabad) part of the National Park of Islamabad and no construction is allowed there. It is sitting on top of the lake from where the water of Islamabad comes, the entire pollution of the water is at stake and it crosses the main highway. So from all points of view this particular discretion of the government is not being used properly because quota is one mechanism but the government has other mechanisms in which by using its power in disregard of the established rules without following the normal rules of tendering and bids they allotted it to one particular party at Rs. 17/- a yard.

*(Voice: Shame. Shame.)*

When I asked a question about it yesterday i.e. Thursday, unfortunately, the time did not come for answer and I want to bring to your notice Mr. Chairman that the answer to the question denies our privilege by not giving the right answer. The question was:

> "whether CDA has allotted this land and the newspaper report is correct and what are the terms and conditions".

## RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

**In the answer they say:**

**('A Committee has been set up to examine the terms and conditions').**

**But Mr. Chairman, I have a copy of the letter of allotment dated 15th February and 17th February** in which the terms and conditions are given. **So, the government knew** the terms and conditions but they did not provide **the correct answer in response** to this question.

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Sir, if he has any grievance, I will again say this that I can answer it and I can answer it very adequately and my llearned brother will know that when I am talking I will talk legally and I will talk morally like I am going to answer Prof. Khurshid. As for the question of 'shame' and other things, I would expect the same thing when I will give the figures of some other commercial plots which were allotted in 1985 to 1987, when I will give the names of these 280 plots of 3 marlas and 5 marlas not one kanal and one and a half kanal; but that is not the answer. The question is that if you have a grievance about some thing else other than this increase in the qhota from 10% to 40&, please bring a separate adjournment motion, and I will be ready to answer you on that also but please do not confuse the two issues. Please confine yourself to the subject matter of the adjournment motion under discussion. I take e very strong exception to the manner in which the speeches are being made but I kept quiet because I have a lot of respect for you but please confine yourself to what is there in the adjournment motion. What is here is whether the government policy regarding increase of quota from 10% to 40% in terms of Article 173 as quoted rightly by Prof. Khurshid is correct or not. It is unfortunate that he (Prof. Khurshid) has gone now after making his speech because he shall have also heard my speech and Mr. Chairman, I think it will be in the fitness of things that I should reply when Prof. Khurshid is sitting here. This will be better.

**Mr. Chairman:** Prof. Khurshid had to go to Lahore but to go to Lahore but whatever you say.

I am sure, will be carried in the papers.

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** O.K. Sir. but I will say this to Mr.I

[Khawaja Ahmed Tariq Raheem]

Sartaj Aziz that please confine yourself to the adjournment motion under discussion.

*(Interruptions)*

**Mr. Sartaj Aziz:** Then I move a motion to take up this item under rule 58.

جناب چیئرمین: وہ تو آپ separately move کریں۔

**Mr. Sartaj Aziz:** I will move a separate motion.

جناب چیئرمین: یہ جو ٢٧٨ ایکڑ والا، پلاٹ ہے۔

is that also concerning the discretionary quota.

**Mr. Sartaj Aziz:** It is not a part of that particular scheme that he is referring to but it is the discretionary power of the government to allot land in Islamabad.

جناب چیئرمین: تو اس کے بارے میں آپ separately موشن دے دیں۔

That can be taken up separately.

جناب محمد طارق چوہدری: پوائنٹ آف آرڈر،

جناب چیئرمین: جی جناب، چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: ایک بات تو یہ ہے کہ یہ جو Adjournment Motion ہے، جس پر ہم آج بات کر رہے ہیں، یہ آج سے ایک سال اور تین یا چار مہینے پہلے ہاؤس میں admit ہوئی تھی، اس پر آج سوا سال کے بعد جب بحث ہونے لگی ہے، تو اس سوا سال کے دوران کی جو کارگزاری ہے، وہ بھی اس میں زیر بحث آئے گی.....

جناب چیئرمین: یعنی یہ پلاٹ پر انٹرسٹ پڑ رہا ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: لیکن اس کے ساتھ ہی ہمارے معزز سینیٹر

**RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.**

جناب سرتاج عزیز صاحب کو اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ یہ جس سٹوری کرے بیٹھے ہیں، وہ داستان ہے، رائل فیملی کی اور رائل فیملی کو زیر بحث لانا، شاید اس ایوان کی دسترس میں نہیں ہے، اس رائل فیملی کی وجہ سے یہ وزراء کو بھی embarrass کر رہے ہیں، اس لئے کہ بہتر ہے کہ اس واقعہ کو نہ چھیڑا جائے۔

جناب چیئرمین: وہ خود کہہ رہے ہیں کہ اس مسئلہ کو علیحدہ اٹھائیں گے تو جب یہ مسئلہ اٹھائیں گے تو اس کو بھی take up کر لیا جائے گا۔

جناب محمد طارق چوہدری: لیکن جناب ان کو رائل فیملی کے معاملات کو نہیں لینا چاہیئے۔

جناب چیئرمین: بہرحال کوئی صاحب discretionary کوٹہ کے متعلق بات کرنا چاہتے ہیں تو اظہار خیال فرمائیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: وہ بھی ہمارے دوست ہیں ان کو embarrass نہ کریں۔

جناب چیئرمین: جی جناب سومرو صاحب۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, I would agree with what the honourable Minister has said that the adjournment motion in question confines itself to the increase in the discretionary quota from 10% to 40%. It does not deal with he merits of having a quota or not. Sir, I fully agree that there is no justification for the Prime Minister to increase the discretionary quota from 10% to 40%. 10% itself is a big amount and I think there is no moral justification nor any leal justification to increase the discretionary quota from 10% to any further amount. After all this is going to affect the public exchequer. Our financial position is already not satisfactory, in fact bad. We are every day under duress as to what new taxes will be imposed. In such circumstances I think such looting of the public exchequer is not justified. I would, therefore, request the government to please reconsider this and withdraw these orders and confine themselves if at all to the 10%.

**Mr. Chairman:** What about the plots already given?

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** That would then be as per legal position as to what are the legal implications but at least they can put a halt now. What to do about them is a secondary question but at present they should put a halt to this and not give more than 10% because there will be legal implications in the case of those who have already been given. If they have complied with the terms and conditions then it will not be possible to cancel them because when the interim government came they attempted to cancel the plots given by Junejo regime but then they found legal complications and the CDA could not do that particularly in the case of those where there was no infringement of the conditions. So there we will have to consider the legal aspects without doing injustice to any one a whatever the legal position is that would apply but there is no justification for increase in the quota. So I would very humbly request the government to please reduce this quota completely and give it to those who would pay its actual cost or who are justified in getting it.

**Mr. Chairman:** Thank you.

Yes Mr. Faseih Iqbal.

<u>سید فصیح اقبال</u>: جناب والا! پلاٹوں کی بات ہو رہی ہے، آپ نے دیکھ لیا ہے کہ جس کو پچھلی حکومت نے پلاٹ دیئے وہ حضرات اخبارات کی زینت بنے اور جن کو اس حکومت نے دیئے وہ بھی بنے۔ اس لئے اس سلسلے میں میری رائے ہے اور میں یہ اعلان کرتا ہوں کہ ہم ایسے ممبران جنہوں نے کسی بھی حکومت سے پلاٹ نہیں لئے، وہ بغیر درخواست کے حکومت سے مطالبہ کریں گے کہ ہمیں پلاٹ دیئے جائیں جیسے کہ ملک کے شہروں میں سوسائٹیوں کو جیسے ڈیفنس سوسائٹی وغیرہ، کو دیئے جاتے ہیں۔ یا جس طرح سے دوسرے افراد کے لئے سیکٹروں میں جگہ رکھی ہے، اسی طرح سے آپ پارلیمنٹ کے لوگوں کے لئے بھی جگہ رکھیں۔ بجائے اس کے کہ سیاسی طور پر پلاٹ الاٹ کریں کیونکہ سیاسی طور پر پلاٹ الاٹ کرنا نہایت معیوب

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

ہے کہ اس رائے میں حکومتی بنچوں کے اراکین بھی جنہیں پلاٹ نہیں ملے ہمارے ساتھ ہیں۔ یہ مسئلہ ہمیشہ سیاست کی نظر ہوتا ہے حالانکہ سب اراکین کا یہ حق ہے۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ سی ڈی اے میں بندر بانٹ ہوتی ہے، یہ درست نہیں ہے۔ سابقہ حکومت میں ایسا ہوا ہے، جب بھی کوئی نئی حکومت آتی ہے سی ڈی اے کی مینجمنٹ خود ان کو خوش کرنے کے لئے نئے نئے قوانین لاتی ہے، اسی طرح سی ڈی اے کا مسئلہ ہے یہ چونکہ سندھ کا مسئلہ ہے، میں اسے زیر بحث نہیں لانا چاہتا، لیکن سی ڈی اے نے پٹرول پمپوں کے لئے اور دیگر کمرشل پلاٹ بھی خود الاٹ کئے ہیں، اس لئے سول سرونٹس سے بھی پوچھا جائے کہ کیا کبھی انہوں نے سی ڈی اے ایکٹ پڑھا ہے وہ تو ہمیشہ ایسے ہی کرتے ہیں کہ جب بھی کوئی گورنمنٹ آتی ہے تو اس کو خوش کرنے کے لئے نئے نئے اقدامات کرتے ہیں۔

میں اپنے تمام دوستوں سے جن کے پاس پلاٹ نہیں ہیں، درخواست کرتا ہوں کہ وہ پارلیمنٹری ہاؤسنگ سوسائٹی کے ممبر بنیں تاکہ ہم آئندہ سے کسی بھی حکومت سے درخواست دے کر پلاٹ نہ لیں، بلکہ اپنے حق کے طور پر لیں، اور یہ ہمارا حق ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ بہرہ ور سعید صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اگر کسی ملک کا حکمران آدھا انڈا بھی ظلم سے عوام سے حاصل کرے تو اس کا لشکر پھر ہزاروں مرغیاں ذبح کر کے کھا جاتے ہیں۔ یہ جناب پروفیسر صاحب نے جو نقشہ پیش کیا یہ کوئی ایسی بات نہیں تھی جس کی ہمیں توقع نہیں تھی۔ کم از کم اس دورِ حکومت کا دوبارہ اس ملک پر آنا اس بات کی علامت ہے کہ اس ملک میں پھر وہی کیا جائے گا جو ۱۹۷۰ء سے ۱۹۷۷ء تک کیا گیا تھا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے میں نے بار بار کہا اور میرے دوستوں نے کچھ محسوس بھی، کیا یہاں جمہوریت نام کی کوئی چیز نہیں ہے اگر جمہوریت کا

مطلب ڈاکہ زنی ہے، قتل ہے، ہنگامہ آرائی ہے یا ہے، یا کوئی اور ایسی چیز ہے۔ تو پھر تو صحیح ہے۔ پھر اس دور میں واقعی جمہوریت ہے لیکن اگر جمہوریت کا مطلب کچھ اور ہے جس طرح سے ان کی یہ کوشش اور خواہش ہے کہتے رہتے ہیں آمریت، گیارہ سال تک مارشل لاء رہا، اس سے پہلے اتنے سال تک مارشل لاء رہا، آمریت کا مقابلہ کیجئے اس چودہ یا سولہ مہینے کی جمہوریت کے ساتھ، اس گیارہ سال سے آٹھ سال میں جو کچھ ہوا ہے یہاں اسلام آباد میں زمین کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے متعلق پروفیسر صاحب نے جو facts and figures دیئے ہیں اور جو اس چودہ یا سولہ مہینے میں دیئے گئے ہیں۔ آپ اندازہ کیجئے خدانخواستہ اگر یہ طبقہ مزید کچھ عرصہ اس ملک میں حکمران رہا، تو نہ جانے اس ملک میں کیا کیا آفت آئے گی۔ ہماری آئندہ نسلیں ساری مقروض پیدا ہوں گی۔ میں نے پہلے بھی کل عرض کیا تھا کہ ایک ملک میں قحط پڑ گیا تو ملکہ اوپر سے یہ کہنے لگی لوگ شور و غوغا کر رہے تھے۔ پوچھا کیا بات ہے۔ بتایا گیا کہ ملکۂ اعظم قحط پڑ گیا ہے، اس نے پوچھا وہ کیا ہوتا ہے کسی نے بتایا کہ کھانے کو کچھ بھی نہیں ملتا روٹی نہیں ملتی تو کہنے لگی کہ کیک کھائیں، وہی حالت ہے۔ وہی چیز ہے مگر نام اس کو جمہوریت کا دیا گیا ہے۔ جس طرح سے پہلے ۱۹۷۷ء تک جمہوریت سے لوگوں کو نفرت کرادی تھی ان سولہ مہینوں میں اس سے ڈبل نفرت ہو گئی ہے۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ کیا حق ہے ان حکمرانوں کا کہ وہ یہاں بیٹھ کر اسلام آباد کی زمین تحفے کے طور پر رشوت کے طور پر کسی کے حوالے کرے۔ ان کو حق کیا پہنچتا ہے؟ صرف اس لئے کہ وہ اس بدقسمت ملک کی میڈم پرائم منسٹر ہے یا اس نے وزیروں کی عظیم فوج ظفر موج رکھی ہوئی ہے نائب وزیر اور اوالیس ڈی رکھے ہوئے ہیں اور پھر کل میرے ایک سوال کے جواب میں بتایا گیا جناب! کہ اس قسم کے اسلحہ کے لائسنس ان کو دیئے گئے ہیں۔ جو اس ملک

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

میں کسی کو نہیں تھے مگر بڑی فراخدلی سے اس حکومت نے ان کو پیش کیے ہیں اور خاص کر Duke of Edinbarough کو تو پانچ لائسنس تحفے کے طور پر دیئے گئے۔

جناب! اس اسلام آباد کی تعمیر اس لیے ہوئی تھی کہ یہ اسلام آباد ہو، یہ اس لیے نہ ہو کہ نام تو اسلام آباد ہو اور کام اس میں کوئی اور ہو ہلاکو خان اور اور چنگیز خان یا تیمور جیسے ہوں۔ یہ تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے یہ رولنگ خاندان مہمان ہے کوشش ہے ان کی کہ جتنی دیر یہاں ٹھہریں تو اس کو تو لوٹیں اور جب ان کے ہاتھ سے چیز نکل جائے تو پھر واپس چلے جائیں جو وہاں جہاں سے آئے تھے یا وہاں جہاں سے لائے گئے تھے۔

جناب کیا محاسبے کا کوئی طریقہ نہیں ہو سکتا کیا یہ ان کی مرضی ہے، یہ تو کہتے ہیں کہ ہم بغیر پارلیمنٹ کے کوئی ایسا ایکشن نہیں کریں گے جس کی اس سے اجازت نہ لے لی گئی ہو، میں پوچھتا ہوں کہ کیا اس کی پارلیمنٹ سے اجازت لی گئی تھی؟ یہ کہنا کہ رولز میں نہیں ہے یہ کوئی بہانہ نہیں ہے یہ کوئی آڑ نہیں ہے۔ اگر جمہوریت ہے اگر پارلیمنٹ کی کوئی وقعت ہے یا پارلیمنٹ سے مشورہ کرنا لازمی ہے تو پھر ہر مسئلہ پر پارلیمنٹ کی اجازت لینی چاہیے۔ مگر ایسی چیزوں میں نہیں یہاں یہ بتایا گیا ہے کہ اس دوران جو نومبر سے لے کر آخیر نومبر تک جب عدم اعتماد کا نوٹس دیا گیا، رشوت کس طریقے سے دی گئی ابھی یہ تو اتنی بات ہے جناب بلیو ایریا میں جو ہوا وہ چیئر پر وفیسر صاحب نہیں لائے۔ بلیو ایریا کا رول یہی ہے کہ جو بھی پلاٹ دیا جائے گا وہ by auction ہو گا۔ لیکن ابھی حال ہی میں فاٹا کے تین ممبروں کو تین پلاٹ دیئے گئے ہیں جو کہ ایک پلاٹ دو، دو کروڑ روپے کا ہے یا ساڑھے تین کروڑ روپے کا ہے ہمیں تو ہزاروں کا پتہ نہیں کروڑ تو بڑی چیز ہے۔

جناب اس کے علاوہ مشرقی پاکستان کے لوگوں کو یہاں جو پلاٹ ملے

[Akhunzad Behrawar Saeed]

تھے وہ پلاٹ بھی اس طرح بیدردی سے تقسیم کئے جا رہے ہیں کہ وہ بھی اب کوئی راز نہیں ہے، یہ تو وہ حقائق ہیں جو اسلام آباد میں ہو رہے ہیں۔ سارے پاکستان کا اگر کوئی سروے کرے تو معلوم ہو جائے گا کہ کتنی نوازشات ہو رہی ہیں اور یہ نوازشات کیوں ہو رہی ہیں؟ کس پہ ہو رہی ہیں، جیالوں پر ان پر جنہوں نے کوڑے کھائے، کوڑے تو بہتوں نے کھائے، اُن پہ جن کو جیل سے رہا کیا گیا، کس کے نام پر؟ کہ یہ سیاسی ضمیر کے قیدی تھے، ضمیر کے تھے وہ جنہوں نے جہاز اغوا کئے تھے وہ بھی ضمیر کے قیدی تھے۔ اُن کو بھی پلاٹ دیئے گئے، پشاور میں دیئے گئے، ایبٹ آباد میں دیئے گئے۔ ایسی لوٹ کھسوٹ شروع ہو گئی ہے جس کی کوئی حد نہیں ہے تو کیا پاکستانی عوام صرف اس لئے یہاں جمہوریت، جمہوریت کرتے رہیں گے کہ ان کو اب روٹی تک نہیں ملتی۔ میں نے تو اُس دن بھی کہا تھا کہ بڑی اچھی بات ہے اگر اب روٹی مہنگی ہو گئی ہے آٹا مہنگا ہو گیا ہے کھانے کی چیزیں مہنگی ہو گئی ہیں تو یہ بڑی خوشی کی بات ہے، کیوں؟ اس لئے کہ جنہوں نے روٹی، کپڑا اور مکان کے لئے ووٹ دیا۔ اب انہیں ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنے دیں.....

جناب چیئرمین: جی اب ذرا کریں جی۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب کس طرح؟

جناب چیئرمین: دس منٹ ہو گئے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب میری دنیا لٹ رہی ہے اور میں دیکھا کروں۔

جناب چیئرمین: وہ تو ٹھیک ہے لیکن ہر مسئلے میں کچھ restrictions ہوتی ہیں اس میں دس منٹ کی قید ہے رول ۸۱ کے تحت۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب میری گزارش صرف یہ ہے کہ اس میں وزیراعظم اس کے خاندان کے افراد، اس کے وزراء برابر کے شریک ہیں اور

ان پلاٹوں کو نہ صرف منسوخ کیا جائے بلکہ ان کو عدالت کے کٹہرے میں کھڑا کر کے ان پر غداری اور خرد برد، امانت میں خیانت کرنے کا مقدمہ چلایا جائے یہ قوم کی امانت میں انہوں نے خیانت کی ہے انہوں نے اس حلف کی توہین کی ہے جو انہوں نے بڑی شان سے اٹھایا اور جسے ٹیلی ویژن پر دکھایا گیا تھا۔ اب وہ دن اور ہیں یہ دن اور ہیں انشاء اللہ محاسبے کا وقت آرہا ہے اور جب یہ وقت آئے گا۔ انشاء اللہ ہم ان کو بھاگنے نہیں دیں گے۔ پھر امریکہ اس کی سپورٹ میں نہیں آئے گا۔ انشاء اللہ یہ دن دور نہیں ہیں اب گنتی کے دن ہیں۔ اس واسطے ان سے درخواست کروں گا کہ جو کچھ ابھی تک کیا ہے وہ واپس کرو آئندہ کے لئے توبہ کرو شاید خدا پھر معاف کر دے قوم تو معاف نہیں کرے گی۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ۔ سید عباس شاہ صاحب۔

سید عباس شاہ: جناب! میں اتنی حد تک بات کروں گا کہ جیسے حقوق یا جمہوریت کی بات ہوتی ہے۔ لوگ جمہوریت اس لئے مانگتے ہیں کہ ہر آدمی کا حق یکساں ہو جائے۔ ہر آدمی کو اپنا حق مل سکے۔ یہاں پر جس طرح کوٹہ کی بات کی گئی کہ دس فیصد سے increase کر کے چالیس فیصد تک کیا گیا۔ جب بھی اس ایوان میں کوئی بات ہوتی ہے یا ہماری حکومت باہر بات کرتی ہے تو وہ کہتے ہیں کہ پہلی حکومتوں نے ایسے کیا۔ یقیناً پہلی حکومتوں نے برا کیا ہے۔ کیونکہ آمریت کا دور تھا۔ لیکن جب جمہوریت کی بات ہوتی ہے اور قوم نے اس پارٹی کو ووٹ اس لئے دیئے کہ وہ اپنا حق چاہتے تھے اور حق کے لئے اپنی آواز اٹھا رہے تھے۔ یہ حکومت جمہوریت کے نام پر قائم ہوئی ہے اور آپ جو discretionary کوٹہ کی بات کر رہے ہیں یہ جمہوریت کے بنیادی اصول کو ختم کرتا ہے۔ وزیر موصوف اس کے جواب میں کہیں گے کہ اس میں تین اور پانچ مرلے کے پلاٹ تھے اور اس میں چھوٹے چھوٹے لوگ

[Syed Iqbal Shah]

ہیں۔ یقیناً چھوٹے چھوٹے لوگ ہیں لیکن چھوٹے چھوٹے لوگ ہر جگہ پس رہے ہیں۔ انہوں نے کن لوگوں کا انتخاب کیا۔ کیا چھوٹے پلاٹوں کی الاٹ منٹ کے لیے جنرل قرعہ اندازی کا طریقہ نہیں اپنایا جا سکتا تھا۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر جناب والا۔

جناب چیئرمین: جی جناب قاضی صاحب، پوائنٹ آف آرڈر۔

قاضی عبداللطیف: اگر وزرائے کرام کو کوئی خصوصی مجلس کرنی ہے تو مہربانی کر کے باہر کر لیں، ان کی عنایت ہو گی۔

خواجہ احمد طارق رحیم: آپ اتنی اہم بات ... رہے ہیں اور سینیٹ کا یہ حال ہے کہ کورم بھی پورا نہیں ہے۔ آپ مجھے مجبور کر رہے ہیں کہ میں چیئرمین صاحب کے سامنے یہ پوائنٹ اٹھاؤں۔ آپ نے بات کی ہے تو جناب چیئرمین ابھی پوائنٹ آؤٹ کرتا ہوں کہ کورم نہیں ہے۔ کیونکہ باتیں اتنی اہم ہیں کہ میں بھی چاہتا ہوں کہ سارے سینیٹرز بیٹھیں اور میری باتیں سنیں۔ جب میں جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین: کورم دیکھیں کہ ہے یا نہیں۔

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی، پوائنٹ آف آرڈر۔

قاضی عبداللطیف: میرے پوائنٹ آف آرڈر کے اختتام سے پہلے پہلے انہوں نے مداخلت کی۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر بیان کر دیں اور کورم بھی دیکھیں۔ جی۔

قاضی عبداللطیف: دوسری گزارش یہ ہے جناب والا۔

خواجہ احمد طارق رحیم: کورم پورا نہیں ہے جناب والا۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر سن لیں۔

He is objecting to your point by pointing out the quorum.

ADJOURNMENT MOTION

RE: DISCRETIONARY QUOTA OF THE PRIME MINISTER REGARDING LDA PLOTS.

قاضی عبداللطیف: قانونی طور پر ان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ چیئرمین کی توجہ اس طرف دلائیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہاں پر گپ شپ شروع کر دیں۔

خواجہ احمد طارق رحیم: ہم یہی discuss کر رہے تھے۔

جناب چیئرمین: ان کا کہنا یہ ہے کہ اتنا اونچا نہ discuss کریں، کہ

**Mr. Chairman:** This matter will remain unfinished and we will take it up next time. Because there is no quorum, I am reading now the order of the President of Pakistan.

"In exercise of powers conferred by Clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 19th May, 1990.

Sd/-

(Ghulam Ishaq Khan)
President

*[Then the House prorogued since die]*

*--------*--------*